aglasem.com

FOR KARNATAKA CLASS 10 PREPARATION

Karnataka SSLC Model Question Paper 2027 for Urdu First Language (Paper 4) Key Answers

EXAM	YEAR	TYPE	SUBJECT
Karnataka Class 10	2027	Answer Key	Urdu

ಕರ್ನಾಟಕ ಶಾಲಾ ಪರೀಕ್ಷೆ ಮತ್ತು ಮೌಲ್ಯ ನಿರ್ಣಯ ಮಂಡಲಿ,

ಮಲ್ಲೇಶ್ವರಂ, ಬೆಂಗಳೂರು-560003

KARNATAKA SCHOOL EXAMINATION AND ASSESSMENT BOARD,

Malleshwaram, Bengaluru - 560 003

2026-2027: ಎಸ್.ಎಸ್.ಎಲ್.ಸಿ. ಮಾದರಿ ಪ್ರಶ್ನೆ ಪತ್ರಿಕೆ-4

S.S.L.C. MODEL QUESTION PAPER- 4: 2026-27

MODEL ANSWERS

ವಿಷಯ : ಪ್ರಥಮ ಭಾಷೆ - ಉರ್ದು

SUBJECT : FIRST LANGUAGE - URDU

ವಿಷಯ ಸಂಕೇತ: **12-U**	**Subject Code: 12-U**
ಸಮಯ : **3 Hours15 Minutes**	**[Time : 3 Hours 15 Minutes]**
ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು: **100**	**[Max. Marks : 100]**

عام ہدایات:

1. اِس سوالی پرچہ میں 45 سوالات ہیں۔
2. معروضی اور موضوعی دونوں قسم کے سوالات کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
3. بائیں ہاتھ کے حاشیئے پر پورے مارکس دیئے گئے ہیں۔
4. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔اس میں سوالنامہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔

I-درجِ ذیل سوالات کے چار متبادل جوابات دیے گئے ہیں، صحیح جواب کا منتخب کر کے لکھئے۔ 6 X 1 = 6

1. وہ نظم جس کے مصرعے یکساں ہوتے ہیں، کہلاتی ہے۔

(A) آزاد نظم (B) پابند نظم (C) ترکیب بند (D) ترجیع بند

جواب. (B) پابند نظم

2. ایسا شعر جس میں ایک ہی لفظ کو دُہرایا جاتا ہے اُسے کہا جاتا ہے۔

(A) صنعتِ تلمیح (B صنعتِ تکرار (C) صنعتِ استعارہ (D) صنعتِ اشارہ

جواب: (B) صنعتِ تکرار

3. رباعی کے اِس مصرعے میں ہم قافیہ ردیف کی پابندی نہیں ہوتی ہے۔

(A) پہلا (B) دوسرا (C) تیسرا (D) چوتھا

جواب: (C) تیسرا

4. ایسا مرکب جملہ جس کے دوسرے حصہ میں سبب، وجہ اور نتیجہ کا ذکر ہو۔

(A) اصلی (B) سببی (C) تردیدی (D) استدراکی

جواب: (B) سببی

5. پیٹھ سخت اور پیٹ نرم.....منہ میٹھا تا شیر گرم۔اس پہیلی کا مطلب ہے۔

(A) خربوزہ (B) آم C) امرود (D)کیلا

جواب: (A) خربوزہ

6. اگر ہمارے بزرگ قربانی نہ دیتے تو ملک آزاد نہ ہوتا۔اس جملے انشائیہ میں ظاہر ہونے والا جذبہ ہے۔

(A) شرط (B) تمنا (C) تاسف (D) نِدا

جواب: (A) شرط

II.پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھئے۔ 4X1=4

7. اعترافِ جرم : جرم قبول کرنے والا :: دل کشا : .....

جواب: دل خوش کرنے والا

8. جلانا : آگ لگانا :: جِلانا : .....

جواب: زندہ کرنا

9. شقافت : تہذیب :: نقاہت : .....

جواب: کمزوری

10. شیریں : تلخ :: مسرور : .....

جواب:مغموم

III.درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھے۔ 7 X 1 = 7

11. بڑی حویلی کی ڈیوٹ پر ایک دیا کسے قرار دیا گیا ہے؟

جواب: بڑی حویلی کی ڈیوٹ پر ایک دیا اماں کو قرار دیا ہے۔

12. پنڈت نہرو اپنے پورے نام کا املا کس طرح لکھا کرتے تھے؟

جواب: پنڈت نہرو اپنے نام کا املا لال کو الف سے نہیں بلکہ ع سے لکھتے تھے۔

13- کس کے حصے میں مجرموں کا کٹہرا اور کس کے حصے میں مجسٹریٹ کی کرسی آئی تھی؟

جواب: ہندوستانیوں کے حصے میں مجرموں کا کٹیرا اور انگریزوں کے حصے میں مجسٹریٹ کی کرسی آئی تھی۔

14. پہلے دن مصنف کو لالہ کرپاشنکر جی نے صبح کتنے بجے جگایا تھا؟

جواب: پہلے دن مصنف کو لالہ کرپاشنکر جی نے صبح تین بجے جگایا تھا۔

15. شیطان کے بل کھانے کی کیا وجہ تھی؟

جواب: توحید کا بول بالا اور اسلام کا لہراتا پرچم دیکھنے کی وجہ سے شیطان بل کھانے لگا،

16. حضرت فاطمہؓ کا نورِ عین کس کو کہا جاتا ہے؟

جواب: حضرت اِمام حسینؓ حضرت فاطمہؓ کا نورِ عین کہا جاتا ہے،

17. ڈی ڈی ٹی چھڑکنے سے مچھر پر کیا اثر ہوتا ہے؟

جواب: ڈی ڈی ٹی چھڑکنے سے مچھر اور زیادہ چپکنے لگا،

IV. درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے۔ 10 X 2 = 20

18. حجتہ الوداع میں حضور ﷺ کس تاریخ کو مکہ میں داخل ہوئے اور کعبہ نظر آیا تو کیا فرمایا؟

جواب: حجتہ الوداع میں حضور ﷺ ذی الحجہ کی 5، تاریخ کو مکہ میں داخل ہوئے اور کعبہ نظر آیا تو تو فرمایا، اے خدا! اِس گھر کو عزت اور شرف دے۔

19. جمال عبدالناصر دورہ ہند کے موقع پر نہرو نے اُن سے کیا کہا۔ اور جمال عبدالناصر نے کیا جواب دیا؟

جواب: میرے نام کے تینوں الفاظ جواہر، لعل اور نہرو عربی یا فارسی سے آئے ہیں تو جمال عبدالناصر نے یہ سن کر جواب دیا کہ یہ الفاظ فارسی نہیں خالص عربی ہیں،

20. فراقؔ کی زبانی جیل یاترا کے دوران شاعری کا حال سن کر نہرو نے کیا جواب دیا؟

جواب: نہرو نے جواب دیا اس بار جیل گیا تو تم رگھوپتی سہائے سے آر۔ سہائے فراقؔ ہو گئے، اگلی بار لیل گیا تو تم فقط ہائے فراقؔ رہ جاوگے۔

21. ودیاچرن جی کی تقریر سن کر اندومتی نے کیا سوچ رہی تھی؟

جواب: ودیاچرن جی سچ کہہ رہے ہیں ہمارے محلے میں سب ہی ذاتوں اور دھرموں کے لوگ مل کر رہتے ہیں۔ وقت بے وقت ایک دوسرے کے کام کرتے ہیں۔ پھر سارا دیش ہمارے محلے جیسا کیوں نہ بنے۔

22. آپسی تہذیب سے کس قسم کی تاریخ وجود میں آئے گی؟

جواب: آپسی تہذیب سے ایک نئی تاریخ وجود میں وَئے گی جو ساری دنیا کو امن بھائی چارگی سکون اور سلامتی کا پیغام دے گی۔

23. ہم پر حضور ﷺ کی کیا کیا عطائیں ہیں؟

جواب: ہم پر حضور ﷺ کی بے انتہائی عطائیں ہیں، آپ ﷺ نے امن کا پیغام دیا اور دین اسلام کی نعمت سے نوازا۔

24. حضرت زینبؓ کے اضطراب پر حضرت امام حسینؓ کا کیا ردِ عمل تھا؟

جواب: حضرت امام حسینؓ زار زار رونے لگے اور فرمایا کہ اے بہین میں تیری محبت پر قربان ہو جاوں۔ زینت کی محبت کو دیکھ کر ماں پیار یاد آجاتا ہے

25. شاعر جوش سلیح آبادی نظم رشوت میں کن کن باتوں کا پردہ فاش کیا ہے؟

جواب: شاعر اس نظم میں چور بازی، بے ایمانی، بے ضمیری اور رشوت خوری کا پردہ فاش کیا ہے۔

26. سرحدیں اِنسانی آزادی اور ترقی میں کس طرح رکاوٹ بنتی ہیں؟

جواب: سرحدیں اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ آزادی میں رکاوٹ کا سبب بنے۔ انسان زمین پر لکیریں کھینچ کر خود اپنے ہی جال میں پھنس کر رہ گیا ہے۔ اس کی وجہ سے ترقی میں رکاوٹ بن گئی ہیں۔

27. تلوک چند محرومؔ نے اپنی رباعی میں کس بات کا پیغام دیا ہے؟

جواب: تلوک چند محرومؔ نے اپنی رباعی میں مذہب، انسانیت، امن، سچائی، صلاح و بھائی چارگی اور نیکی کا پیغام دیتا ہے اس کے نام پر نفرت اور لڑائی کرنا مذہب کی تعلیمات کے خلاف ہے۔

V. درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے۔ 11X3=33

متن کے حوالے سے جملوں کی وضاحت کیجئے۔

28. "اے خدا تو گواہ رہ -

جواب: یہ جملہ حجتہ الوداع سبق سے لیا گیا ہے۔ اس کے مصنف سید سلیمان ندوی ہیں۔ حضور ﷺ نے جب مجمعے سے پوچھا، تم سے خدا کے ہاں میری نسبت پوچھا جائے گا تو تم کیا جواب دو گے۔ اس وقت ایک لاکھ زبانوں ایک ساتھ گواہی دی، ہم کہیں گے کہ آپؐ نے خدا کا پیغام پہنچا دیا اور اپنا فرض ادا کر دیا۔ یہ سن کر حضور ﷺ نے آسمان کی طرف انگلی اُٹھائی اور اللہ کو گواہ بناتے ہوئے یہ جملہ کہا۔

29. "مورخ ہمارے انتظار میں ہے اور مستقبل کب سے ہماری راہ تک رہا ہے"۔

جواب: یہ جملہ قولِ فیصل سبق سے لیا گیا ہے، اس کے مصنف مولانا ابوالکلام آزادؔ ہیں۔ مولانا آزاد انگریزی عدالت کے فیصلے کا انتظار کرتے ہوئے کہا۔

30. "سن لیا چھ بجے جگادوں گا،۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔:۔"

جواب: یہ جملہ سویرے جو کل آنکھ کھلی سبق لیا گیا ہے۔ اس کے مصنف پطرس بخاری ہیں۔ پہلے دن لالہ جی نے رات کے تین بجے جگایا تھا۔ اس سے مصنف ناراض تھے ۔ دوسرے دن مصنف نے لالہ جی سے بار بار چھ بجے جگانے کی بات کی تو لالہ جی نے کڑکتی ہوئی آواز میں یہ جملہ کہا۔

درجِ ذیل نثر نگار کا تعارف لکھئے۔

31. ادا جعفری :

نام: عزیز جہاں ادا تخلص ۔

حیات: پیدائش 22 اگست 1926، بدایوں وفات: 12 مارچ 2015 کو کراچی

مہارت: اُردو کی مقبول شاعرہ و نثر نگار۔

کلام و تصانیف: میں ساز ڈھونڈتی رہی۔ غزالاں تم تو واقف ہو۔ شہر سخن بہانہ۔ شہر درد ۔ اور کار جہاں دراز ہے

درجِ ذیل شاعر کا تعارف لکھئے۔

32. فراقؔ گورکھپوری

جواب: نام: رگھوپتی سہائے فراق حیات: پیدائش اگست، 1896 گورکھپور۔

وفات: 3 مارچ 1982 شعری مجموعے: روحِ کائنات، رمز و کنایات، غزلستان شبنمستان

اعزازات: گیان پیٹھ ایوارڈ، ساہتیہ اکاڈمی ایوارڈ، غالب اکاڈمی ایوارڈ

درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔

33. اے پیکرِ محبوبی میں کس سے تجھے دیکھوں
جس نے تجھے دیکھا ہے وہ دیدہ حیران ہے

جواب: * یہ شعر اصغرؔ گونڈوی کی غزل سے لیا گیا ہے * شاعر کہتے ہیں۔ میرا محبوب کا چہرہ اتنا خوب صورت ہے جو بھی اس کا دیدار کر لیتا ہے اس کی آنکھیں حیران رہ جاتی ہیں۔

34. اے شوقِ نظارہ کیا کہیے، نظروں میں کوئی صورت ہی نہیں

اے ذوقِ تصور کیا کیجئے، ہم صورت جاناں بھول گئے

جواب: *یہ شعر اسرار الحق مجاز کی غزل سے لیا گیا ہے۔ *شاعر کہتے ہیں کہ زمانے کے غموں نے میرے ذوقِ نظارہ کو اس طرح متاثر کیا ہے۔ *کوئی چہرہ نظر عس میں نہ رہا یہاں تک کے میرے محبوب کا چہرہ تک بھول گئے۔

35. منزل نہیں کوئی نہ سہی رہ گزر تو ہے
پہلے بھی اپنے قدموں کو بھلا چکے ہیں ہم

جواب: *یہ شعر خلیل مامون کی غزل سے لیا گیا ہے۔ *شاعر کہتے ہیں اپنے تھکے ہوئے قدموں کو یہ کہہ کر بہلا رہے ہیں *اگر منزل ملے یا نہ ملے راستہ تو ہے *اگر اس پر چلتے رہیں گے تو کبھی نہ کبھی منزل مل ہی جائے گی۔

درجِ ذیل الفاظ کو جملوں استعمال کیجئے۔

36. i) کائنات

جواب: اللہ تعالیٰ نے اس کائنات کو پیدا کیا۔

(ii) شاگرد

جواب: ہر شاگرد اُستاد کو پیارے ہوتے ہیں۔

iii) عقیدہ

جواب: انسان کو اچھا عقیدہ ہونا چاہئے۔

37. جملہء خبریہ کی تعریف مع مثال لکھئے۔

جواب: جملہ خبریہ وہ جملہ ہے جس میں کسی واقعہ، کیفیت یا صورتِ حال کی خبر دے۔ مثال: نہرو جی نے مولانا آزاد سے اُردو کا درس لیا تھا۔

38. صنعتِ تلمیح کی تعریف مع مثال لکھئے۔

جواب: اگر شاعر کلام میں کسی واقعہ، قصہ یا مذہبی روایت کی طرف اِشارہ کرتا ہے تو اُسے صنعتِ تلمیح کہتے ہیں۔

مثال: نارِ نمرود کو کیا گلزار دوست کو یوں بچا لیا تو نے

یا

مرثیہ کی تعریف لکھئے۔

جواب: جس نظم میں مرحوم شخص کی تعریف کی جاتی ہے مرثیہ کہلاتی ہے اس کی دو قسم ہیں۔ کربلائی مرثیہ۔ شخصی مرثیہ

VI. درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جوابات لکھئے۔ 5 X 4 = 20

39. اپنی نصابی کتاب میں شامل "حمد" کے کوئی چار اشعار لکھئے۔

صدائے کن سے ابد تک شباب تیرا ہے
عیاں بھی تو ہی ہے پنہاں حجاب تیرا ہے
کسی بھی در سے اُجالوں کی بھیک کیا مانگیں
اندھیری شب بھی تیری آفتاب تیرا ہے
صنم تیرے ہیں خدا ناشناش بھی تیرے
نمازِ عشق کا ہر اک نصاب تیرا ہے
رضا تری ہے غفور الرحیم بھی تو ہے

غضب و قہر بھی تیرا، ثواب تیرا ہے

یا

اپنی نصابی کتاب میں شامل مرثیہ کے آخری بند میں سے کوئی چار اشعار لکھئے،

مرثیہ: بچپن میں جو زباں سے کہا ہے کریں گے ہم
کھائیں گے تیرِ ظلم، لہو میں بھریں گے ہم
حلق اپنا زیرِ خنجرِ قاتل دھریں گے ہم
اُمت کے بخشوانے کو، پیاسے مریں گے ہم
اب ہاتھ اُٹھاؤ فاطمہؓ کے نورِ عین سے
ہو گی کبھی نہ وعدہ خلافی حسینؓ سے
یہ سن کے گر پڑی جو قدم پر وہ نوحہ گر
لپٹا گلے سے بہن کو بہ چشمِ تر
رو کر کہا کہ ہوتا ہے ٹکڑے مرا جگر
زینبؓ خدا کے واسطے، پیٹو نہ اپنا سر
خاصانِ حق کا خلق میں رُتبہ بلند ہے
صابر رہو کہ صبر خدا کو پسند ہے

40. کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھئے۔

(i) آمدِ بہار: یہ نظم شوق قدوائی کی لکھی ہوئی ہے۔اس نظم میں شاعر نے موسمِ بہار کی آمد کے خوشنما مناظر کی تصویر کشی کی ہے۔ بہار کے آنے سے ہوا اس کی آمد کا اعلان کرتی ہوئی کلیوں کو ہنساتے ہوئے گذر جاتی ہے۔ بہار کے آنے پہاڑوں سے صاف پانی بہہ کر سمندر میں جا ملتا ہے اور زمین سے سبز نکلنے لگتا ہے۔ بہار کی آمد نے خزاں پر خوف طاری کر دیا ہے اور ڈر خنوں نے دلہنوں کی طرح سرخ لباس پہن رکھا ہے۔ شبنم درختوں کو دودھ پلانے کا کام کر رہی ہے۔ ہوا محبت سے چومتی ہے درخت کی جڑیں زمین کو مضبوطی سے جکڑتے ہیں اور انگاروں جیسے دکھائی دیتے ہیں۔ ہزاروں رنگ کی چڑیاں جن کی خوشنما اور ادائیں دلربا، صدائیں نغمہ زار ہیں اور اتراتی ناچتی گاتی بہار کی آمد کا اعلان کر رہی ہیں

(ii) مچھر کا الٹی میٹم:

مچھر کا الٹی میٹم دلاور فگار کی لکھی ہوئی نظم ہے۔اس نظم میں شاعر نے سماجی سماجی برائیوں کو بیان کیا ہے۔ بلدیہ والے کہتے مچھر مارئیے۔ اور مچھر کہتا ہے مجھے مار کر تو دیکھو میرا طوفان اور زیادہ ہو جائے گا۔ اور مچھر کہتا ہے اے نادانوں مجھ پر ڈی ڈی کا غازہ مت مارو اس میرا چہرہ اور بھی زیادہ چمک جائے گا۔ تمہاری کوشش ناکام ہو جاتی ہے۔ میں ایک فن کار ہوں، فن کار کبھی مر نہیں سکتا۔ اے فگار مجھ سے لڑنے کا ارادہ چھوڑ دے ورنہ تمام آدم اولاد کو میں بخار میں مبتلا کر دوگا۔ تو مجھ سے کیوں ڈرتا ہے میرے ہاتھ میں خنجر تو نہیں ہے۔ انسان کا قاتل خود انسان ہے۔ مچھر نہیں ہے۔ اور مچھر کہتا ہے جب سیٹھ لوگ تیرا خون چکھ جاتے ہیں تو خوش ہو جاتے ہیں۔ اگر میں تھوڑا سا چکھ لیا تو رونے لگتا ہے۔

41. زعفران حاصل کرنے کے لئے کونسا عمل اختیار کیا جاتا ہے؟

جواب: زعفران کے پھولوں کا موسم وسط اکتوبر سے نومبر کے ابتدائی دنوں میں صرف تین ہفتوں تک رہتا ہے۔ پھولوں کے چننے کا کام روزانہ صبح کی اولین ساعتوں میں کیا جاتا ہے۔ چنے ہوئے پھولوں کا کلغیاں احتیاط کے ساتھ علاحدہ کی جاتی ہیں۔ تین چار دن سکھانے کے بعد چھڑیوں کی مدد سے انہیں دھیمے دھیمے کوٹ کر علاحدہ کیا جاتا ہے۔ پھر اچھی طرح پولی تھین کی تھیلیوں میں یا چھوٹی چھوٹی بوتلوں میں بند کیا جاتا ہے۔ ڈیڑھ لاکھ پھولوں سے تقریباً ایک کلو سوکھا ہوا زعفران حاصل ہوتا ہے۔

42. امیر خسرو کی ابتدائی زندگی کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: امیر خسرو بچپن سے ہی بہت ذہین تھے۔ والد نے ان کے لئے تعلیم و تربیت کا معقول انتظام کیا تھا۔ انھوں نے کم عمری میں کافن سیکھا پھر شعری کی جانب راغب ہوئے۔ وہ خوش الحان تھے۔ ایک دفعہ ان کے اُستاد خواجہ سعد الدین اپنے شاگرد کے ہمراہ مشہور عالم خواجہ عزالدین کی محفل میں پہنچے، خسرو کا تعارف کرایا اور کہا کے یہ بچہ شعر بڑے اچھے ترنم سے پڑھتا ہے یہ سن کر مولوی صاحب چند اشعار پڑھنے کی فرمائش کی، خسرو نے ترنم سے اشعار سنائے۔ عزالدین نے ان کو سلطانی کا تخلص اختیار کرنے کا مشورہ دیا۔ امیر خسرو کی شعری صلاحیتوں پروان چڑھ رہی تھیں کہ ان پر پہاڑ ٹوٹ پڑا۔ ان کے والد منگولوں سے لڑتے ہوئے شہید ہوئے۔ والد کی بے وقت موت نے انھیں غمزدہ کر دیا لیکن نانا دالملک نے ان کے شوق کی پذیرائی کی۔ نانا کے انتقال کے بعد پھر وہ نااُمید کا شکار ہو گئے۔

یا

بھرت نارائن پر مختصر نوٹ لکھئے۔

جواب: بھرت نارائن ایک اسکول کے پرنسپل تھے۔ انہوں نے تمام عمر اولادِ آدم کو ایک انکھ سے دیکھا تھا۔ وہ چاہتے کے ان کے مرنے بعد بھی اپنی آنکھیں دیکھتی رہیں۔ بھرت نارائن نے ساری زندگی تاریخ پڑھی اور پڑھائی تھی۔ دنیا کی تاریخ، ہندوستان کی تاریخ۔ ان کا یقین تھا کہ انسان جنت سے نکالے ہوئے آدم کی اولاد ہے۔ کرموں کا پھل، جزا، اور سزا، جنت اور دوزخ۔ بھرت نارائن جی سب کو مانتے تھے ان کو یقین تھا کہ سب انسان ایک ہی مہاتما سے جڑے ہوئے ہیں۔ بھرت نارائن جی نے انسان انسان میں کبھی فرق نہیں پرتا تھا۔ ان کا برتاو ذات پات مذہب سب سے بے نیاز تھا۔ ان کی موت اچانک ہوئی تو ان کی وصیت کے مطابق ان کی آنکھیں آئی بنک کو دی گئی،

43. **درجِ ذیل عبارت کو غور سے پڑھئے اور نیچے دئے گئے سوالات کا جواب لکھئے۔**

ایک تاجر کا انتقال ہو گیا۔ اس کی بہت سی دولت تھی اس کا ایک ہی لڑکا تھا جو اس دولت کا وارث تھا مگر وہ مدت سے لاپتہ تھا۔ اور اسی وجہ سے اس لڑکے کی صورت کسی کو یاد نہ تھی۔ کچھ۔ مدت کے بعد تین لڑکوں نے دعویٰ کیا کہ ہم وہی تاجر کے بیٹے ہیں ہر ایک لڑکا یہ دعویٰ کر رہا تھا میں ہی تاجر کا لڑکا ہوں۔ یہ تینوں قاضی کے پاس آئے۔ اور اپنا دعویٰ پیش کیا۔ اور قاضی نے ایک ترکیب سوچی، اس نے مرحوم تاجر کی تصویر منگوائی۔ اور کہا کہ جو لڑکا اس تصویر پر بندوق کا ٹھیک نشانہ لگائے گا وہی وارث ہو گا۔ تینوں میں سے دو لڑکے تیار ہو گئے۔ مگر تیسرا پریشان ہو گیا۔ چہرے پر پریشانی کے آثار ظاہر ہو گئے۔ اور آنکھوں میں آنسو بہنے لگے۔ اور بولا یہ ناممکن ہے میں اپنے باپ کی تصور کو نشانہ بناؤں۔ مجھے ملے یا نہ ملے۔ مگر میں ایسا نہیں کروں گا۔ قاضی نے فیصلہ دیا کہ اپنے باپ کا حقیقی یہی ہے۔ اور اس دولت کا حقدار بھی ہے۔

سوالات:

(i) تاجر کے پاس کیا تھی اس کے کتنے لڑکے تھے؟

جواب: تاجر کے پاس بہت سی دولت تھی اس کا ایک ہی لڑکا تھا۔

(ii) قاضی نے کیا منگوایا اور تیسرا لڑکا پریشان کیوں تھا؟

جواب: قاضی نے مرحوم تاجر کی تصویر منگوائی

VII. خط کی اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے۔ 1X5=5

44. اپنے میر معلم/معلمہ کے نام ایک خط لکھئے، جس میں اپنی پڑھائی کی سند (study certificate) طلب کی گئی ہو۔

(i) شہر کا نام اور تاریخ

(ii) القاب و آداب

(iii) خط کا مضمون

(iv) اختتام

یا

اپنے والد/والدہ کے نام ایک خط لکھئے، جس میں اپنے اِسکول میں یومِ تعلیم کے جلسہ میں شرکت کرنے کی درخواست کی گئی ہو۔

(i) شہر کا نام اور تاریخ

(ii) القاب و آداب

(iii) خط کا مضمون

(iv) اختتام

VIII. کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے۔ 1X5=5

45. i) جہیز ایک لعنت ہے۔

تمہید: قول یا فقرہ

نفسِ مضمون (i) جہیز کی برائی

(ii) *روک تھام تدبیر

اختتام/خاتمہ: *اپنی رائے کا اظہار/اعادہ

یا

ii) جدید دور میں سوشیل میڈیا کے فائدے اور نقصانات۔

تمہید: *قول یا فقرہ

نفس مضمون: *سوشیل میڈیا کے معنی

*سوشیل میڈیا کا استعمال

*فائدے

*نقصانات

اختتام/خاتمہ: اپنی رائے کا اظہار/اعادہ

****